SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

May 12, 2017

For immediate release

ایس ای سی پی کا نان لسٹڈ کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس کے اصولوں پر گول میز کانفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (۱۲ مئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بین الاقوامی مالیاتی کارپوریشن اور سینٹر آف پرائیویٹ انٹرپرائزز کے اشتراک سے جمعرات کو نان لسٹڈ کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس کے اصولوں پر نفاذ پر گول میز کانفرنس منعقد کی۔ کانفرنس کا مقصد عوام میں کارپوریٹ گورننس کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور اس سلسلے میں نان لسٹد کمپنیوں کے لئے پیش کردہ قوائد پر مارکیٹ کے شراکت داروں سے آراء اور تجاویز لینا تھا۔

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، وومن چیمبر آف کامرس، پیشہ ور ماہرین، کارپوریٹ وکلا اور اکاؤنٹنگ ماہرین نے اس سیمینار میں شرکت کی۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے کارپوریٹ سپرویذن ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر آمنہ عزیز نے شرکاء کو تفصیلاً آگاہ کیا کہ کارپوریٹ گورنینس کے پیش کردہ اصول نان لسٹڈ کمپنیوں کے نظام کو بہتر بنانے میں کس طرح مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے سیلف ریگولیٹری اداروں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پیش کردہ اصول مارکیٹ امیدواروں کے لئے بہتر ثابت ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے کاروباری نظم و نسق کے تیرہ (۱۳) نئے اصول متعارف کرائے ہیں اور ان پر عمل درآمد کو دو مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں سات قوائد جبکہ دوسرے مرحلے میں چھ قوائد نافذ کئے جانے کی تجویز ہے۔ ورکشاپ میں ای آئی پی ای کے حماد صدیقی اور آئی ایف سی سے منیب فاروق نے بھی کارپوریٹ گورننس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

کانفرنس کے اختتام میں پیش کی گئی سفارشات میں کہا گیا کہ نان لسٹڈ کمپنیوں ہیں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، کاروبار میں انتظامی خطرات سے بچنے اور نظام کو موثر بنانے کے لئے بورڈز کے زیرانتظام لائحہ عمل ترتیب دیا جائے، نان لسٹڈ کمپنیوں کے مالیاتی نظام کو بہتر بنایا جائے اور سالانہ رپورٹس کی تیاری میں کمپنیوں کو درپیش مسائل کا موثر حل پیش کیا جائے اور نان لسٹڈ کمپنیوں کے شراکت داروں کو کمپنی کے اجلاس میں شرکت کی اجازت دی جائے۔